

سبق - 3

# جنگل

(ج چ ح خ)



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) تصویر کے متعلق طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1- تصویر میں کتنے جانور ہیں؟

2- جنگل میں تمام جانور کیا کر رہے ہیں؟

3- اس تصویر میں کون سے جانور ہیں؟

4- آپ کو کون سے جانور پسند ہیں؟ کیوں؟

5- کیا آپ شیر کی طرح دہاڑ سکتے ہیں؟

6- اگر آپ کسی مصیبت میں مبتلا ہوں تو کیا کریں گے؟

(ب) آیئے اب ہم جنگل کے جانوروں کی گفتگو سے لطف اُٹھائیں گے۔

ایک جنگل میں بہت سے جانور رہتے تھے۔ کچھ دن سے لوگ اس جنگل کے درخت کاٹ رہے تھے۔ یہ دیکھ کر سارے جانور پریشان تھے کہ کیا کیا جائے؟ سب مل کر جنگل کے راجہ شیر کے پاس پہنچے۔

شیر: کیا بات ہے؟ تم سب لوگ ایک ساتھ یہاں کیوں آئے ہو؟

بندر: سرکار ایک مصیبت آئی ہے۔

شیر: کیسی مصیبت؟

خرگوش: اے جنگل کے راجہ! دن بہ دن ہمارا جنگل کٹتا جارہا ہے۔

بھالو: اگر یہی حال رہا تو ہم کہاں جائیں گے؟

چیتا: سچ ہے سرکار! ہمارے چھوٹے چھوٹے جانور جیسے خرگوش، ہرن، وغیرہ ختم ہوتے جارہے ہیں

شیر: بتاؤ آخر کیا کیا جائے؟

لومڑی: سرکار! انسان پڑھے لکھے ہوتے ہیں، کیوں نہ ہم کچھ نعرے لکھ کر لگائیں۔

چیتا: ہاں! ہاں! بالکل سچ ہے! ابھی سے ہم یہ کام شروع کرتے ہیں۔

شیر: ٹھیک ہے! نعرے لکھ کر لگادو۔

خرگوش: سرکار! یہ چند نعرے ہیں۔







(ج) جانوروں کی گفتگو کے بارے میں سوالات کیے جائیں کون کون سے جانور بات کر رہے ہیں؟

☆ جنگل کا راجہ کون ہے؟



SCERT TELANGANA

(د) ج، چ، ح، خ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں، اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



جوتا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ج | و | ت | ا |



حصیر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ح | ص | ی | ر |



چوہا

| | | | |
|---|---|---|---|
| چ | و | ہ | ا |



خربوزہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خ | ر | ب | و | ز | ہ |

(ھ) آواز کی پہچان کے بعد حروف ج، چ، ح، خ کو جلی حروف میں تختہ سیاہ پر لکھے جائیں



## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔




جڑ



چیتا



حجّام



خرگوش

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔



جنگل میں نہر بہہ رہی ہے



آسمان پر چاند چمک رہا ہے




حجّام بال تراش رہا ہے



خرگوش گاجر کھا رہا ہے

SCERT TELANGANA

(ج) تصویریں بتا کر جملے کہلوایئے، کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوایئے۔ ان جملوں میں ج چ ح خ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروایئے۔








## لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوایئے۔

ج ______ ______ ______ ______ ______ ______

چ ______ ______ ______ ______ ______ ______


ح ______ ______ ______ ______ ______ ______

خ ______ ______ ______ ______ ______ ______

(ب) نیچے دی گئی تصویروں کے نام پڑھوایئے، حروف کی شناخت کروایئے اور لکھوایئے۔



| ج | و | ت | ا |
|---|---|---|---|
| | | | |



| چ | ر | خ | ہ |
|---|---|---|---|
| | | | |




| خ | ر | ب | و | ز | ہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

SCERT TELANGANA

(ج) دی گئی تصویروں کے نام کا پہلا حرف لکھوایئے۔

 ____________

 ____________

 ____________

 ____________

(د) جدول میں دیئے گئے حروف پڑھنے اور لکھنے کی ترغیب دیجیے۔

| چ | ا | ن |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

| ج | ا | ر |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

| خ | ر |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

SCERT TELANGANA

(ہ) نیچے دیے گئے حروف سے اشاروں کے مطابق الفاظ بنوایئے۔

| ہ | خ | ر | چ |
|---|---|---|---|
| 4 | 3 | 2 | 1 |

- 4 اور 2 کو ملا کر لکھیے۔ ____________
- 2 اور 3 کو ملا کر لکھیے۔ ____________
- 3، 2 اور 1 کو ملا کر لکھیے۔ ____________


(و) خالی جگہوں پر تصویروں کے نام لکھوائیں اور جملے مکمل کروائیں۔



________ جال کترتا ہے۔



________ ہرے رنگ کی ہے۔




________ گاجر کھاتا ہے۔



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



________

SCERT TELANGANA